آپ کا ریکن نیوز لیٹر – مئی 2021

کووڈ-19 کی اپڈیٹ

ہم آپ کو اور اپنے عملہ کو محفوظ رکھتے ہوئے، ہم مسلسل کووڈ سے محفوظ طریقے سے اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔مزید معلومات کے لئے براہ کرم ویب سائٹ wrekin.com ملاحظہ کریں۔

وین ریکن کا پیش لفظ

Your Wrekin کی تازہ ترین ایڈیشن میں آپ کا خیرمقدم ہے۔

جیسا کہ آپ یہ پڑھ رہے ہیں، لاک ڈاؤن سے باہر نکلنے کے حکومت کے روڈ میپ کے تحت پابندیوں کو مزید کم کئے جانے سے اب ہم معمول کے ایک قدم قریب تر پہنچ چکے ہیں۔

اپنے سب سے کمزور باشندوں کو بچانے کی خاطر ہماری مقامی کمیونٹی میں ویکسین لانے کے لئے بہت سخت محنت کی گئی ہے۔ آنے والے مہینوں میں مزید لوگ یہ ویکسین پانے کے اہل ہوں گے اور میں اس بات کے لئے ہر شخص کی حوصلہ افزائی کروں گا کہ وہ پیشکش کیے جانے پر اپنا ٹیکہ لگوائیں۔ چونکہ پابندیوں میں مہلت دی جارہی ہے، براہ کرم خود کو اور ہمارے عملہ کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لئے حکومت کی رہنما ہدایات پر عمل کرتے رہیں۔

آئندہ مہینوں میں، کووڈ سے محفوظ طریقے سے ہم اپنی خدمات کی فراہمی جاری رکھیں گے۔اگر ہم کسی وجہ سے آپ کی پراپرٹی کو دیکھنے کے لئے آئیں، تو براہ کرم ہمیں یہ بتلادیں کہ آیا آپ کو، یا آپ کے گھرانے میں کسی فرد کو کووڈ-19 کی علامات ہیں۔ اس طریقہ سے ہمیں آپ کو اور ہمارے عملہ کو محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

ہماری منی میٹرس ٹیم نے وباء کے دوران مالی مشکلات کا سامنا کرنے والے سیکڑوں صارفین کی مدد کی ہے۔ اگر آپ کو بھی مشکلات کا سامنا ہے، براہ کرم خاموش نہ بیٹھیں۔خواہ ان متعدد فوائد کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہو جنہیں آپ پانے کے اہل ہیں، یا قرض سے متعلق مشورہ دینا ہو، ہماری ٹیم آپ کی مدد کے لئے موجود ہے۔

ہمارا مشہور کیلنڈر مسابقہ پھرسے شروع ہوچکا ہے۔ ہر سال، ہمیں تمام کمیونٹیوں سے بہت سارے شاندار اندراجات موصول ہوتے ہیں اور گزشتہ سال بھی اس سے مستثنیٰ نہیں تھا۔ اس سال کا بنیادی موضوع فطرت کی تھراپی ہے اور ہم رنگین اور تخلیقی فن پاروں - پینٹنگز اور فوٹو گرافی سے لے کر کروشٹ اور سیرامکس تک، موصول ہونے کی توقع کررہے ہیں۔

براہ کرم محفوظ اور سلامت رہیں اور تازہ ترین خبروں کے لئے ہماری ویب سائٹ اور سوشل میڈیا چینلوں کو چیک کرتے رہیں۔ آئیے لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی لانے کے لئے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں۔

وین گیتھنگس (**Wayne Gethings**)، چیف ایگزیکٹیو

لورا ہلڈچ (**Laura Hilditch**)،

کرایہ داروں کے پینل کے صدر

ساتھی کرایہ داروں کو آداب، اور اپنے ریکن کی اس نئے ایڈیشن میں خیر مقدم۔ میں 15 برسوں سے اب تک شریک کرایہ دار رہا ہوں۔ کرایہ داروں کا پینل اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ آپ کی آواز سنی جائے، اور جو کچھ بھی ہم کرتے ہیں یہ اس کے مرکز میں ہوتا ہے۔ ہم خدمات کو بہتر بنانے، اپنی کمیونٹیوں کو مستحکم کرنے میں مدد دینا، نیز ایسے مقامات اور مواقع پیدا کرنا چاہتے ہیں جن پر ہر کوئي فخر کرسکتا ہے۔

ریکن کے اندر شریک کرایہ دار ہونے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ آپ مختلف طریقوں سے اس میں شامل ہوسکتے ہیں۔ ہمارے ای میل سروے کے ذریعے رابطے میں رہنے سے لے کر، ہمارے قائم شدہ گروپوں؛ کرایہ داروں کا پینل، آڈیٹرز، کسٹمر ایشیورینس پینل اور کسٹمر وائس پینل میں شامل ہونے تک۔میں اپنے تجربے سے حقیقی تاثیر اور اثرات کے بارے میں بات کرسکتا ہوں جو یہاں ریکن میں کرایہ داروں کو درپیش ہوسکتے ہیں۔

میں ہم میں سے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو تمام کرایہ داروں کے مفادات کے لئے مل کر کام کرتے دیکھنا چاہوں گا۔ آپ کو تبدیلی لانے کا موقع ملے گا۔اس لئے، براہ کرم، ہمیں 01952217181 پر کال کریں۔

ریکن میں ملازمت کے مواقع کی تخلیق کا آغاز

ہم نوجوانوں کو حکومت کی کک اسٹارٹ اسکیم کے تحت ملازمت میں آنے کا موقع دے رہے ہیں۔

کِک اسٹارٹ اسکیم کے تحت تنظیموں کو 16-24 سال کی عمر کے نوجوانوں کو چھ مہینے کی ملازمت فراہم کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ جولائی تک، ریکن میں ہمیں تقریبا 50 کیریئر شروع ہونے کی امید ہے۔کک اسٹارٹ اسکیم کے آنے والے ہمارے چند ملازمین یہ ہیں:

صنم لیئل (**Sanam Leal**)
کنٹینٹ اینڈ کمپین اسسٹینٹ

یہ میرے لئے ناقابل یقین حد تک دلچسپ موقع ہے۔کسی ایسی کامیاب تنظیم کے لئے میری دلچسپی کے شعبے کے ماہرین کے ساتھ کام کرنے کے قابل ہونا جو حقیقی لحاظ سے لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی لاتی ہے، واقعی ایک قابل فخر لمحہ ہے۔

سمر ڈیویس-نیوٹن (**Summer Davies-Newton**)
کریئٹیو کنٹینٹ اسسٹینٹ

کِک اسٹارٹ اسکیم نہ صرف اپنے بلکہ میری بیٹی اور اپنے اہل خانہ کے لئے بہتر مستقبل بنانے میں مددگار ثابت ہورہی ہے۔

ایلی ہیوز (**Ellie Hughes**)
کیٹیرنگ سپورٹ اسسٹینٹ

ایسی تنظیم میں کام کرنا بہت بڑا اعزاز اور بہت اچھا احساس ہوتا ہے جس میں اس کے ہر کام کے لئے اس کا طریقہ پرخلوص ہوتا ہے۔ یہ بہت بڑا موقع ہے جس سے مجھے ایک فرد کی حیثیت سے ترقی کرنے میں مدد ملے گی اور مجھے ایک روشن مستقبل کی جانب دلچسپ راستہ پر گامزن کرے گا۔

لیڈیا واکر (**Lydia Wallker**)
ویلفیئر سپورٹ ورکر

پہلے روز سے ہی مجھے ناقابل یقین حد تک تعاون ملا ہے اور میں ایسی ٹیم میں شامل ہونے میں کافی خوش قسمت رہا ہوں جس نے کھلے دل سے میرا استقبال کیا ہے۔ میں ہر روز ملنے کا متمنی ہوں اور مستقبل میں کیا رکھا ہے اس کا انتظار نہیں کرسکتا۔

ہمارے پاس کِک اسٹارٹ کے تحت تقرریوں سے لے کر کل وقتی ملازمت تک، بہت سارے مواقع اور رول دستیاب ہیں، براہ کرم موجودہ اسامیوں کے لئے ویب سائٹ **wrekin.com/jobs** چیک کریں۔

ریکن میں مستقبل کی تعمیر

ریکن میں، ہمارے پاس مارچ 2025 تک سستی کرایے، خریداری کے کرایے اور مشترکہ ملکیت کے لئے تقریبا 2300 نئے مکانات فراہم کرنے کا اہم منصوبہ ہے۔ ہمارا ترقیاتی پروگرام تیزی سے جاری ہے اور فی الحال ہمارے یہاں شروپشائر اور اسٹیفورڈشائر کے متعدد مقامات پر نئے مکانات تعمیر کیے جارہے ہیں۔

تاریخی ہیبرج ہال کو تبدیل کرکے جدید ریٹائرمنٹ اپارٹمنٹ بنایا گیا

ہیڈلی میں واقع تاریخی ہبرج ہال کو حال ہی میں سبکدوش باشندوں کے لئے دس نئے، عالی شان اپارٹمنٹ میں تبدیل کیا گیا ہے۔

نئي جگہ پر باشندوں کے آرام کرنے اور لطف اٹھانے کے لئے بیٹھنے کی سہولت کے ساتھ ایک نیا شجردار علاقہ بھی تیار کیا گیا ہے جو ہر سہولت سے پوری طرح لیس ہے۔

ریکن کے ڈیویلپمنٹ منیجر میٹ بیکلی نے کہا کہ "ہمیں خوشی ہے کہ باشندے اب ان اپارٹمنٹس میں منتقل ہورہے ہیں۔ ہال میں اب اصل فیچرس کے ساتھ جدید سہولیات شامل کی گئی ہیں جنہیں بہتر اور محفوظ بنایا گیا ہے۔"

شائر لیونگ (**ShireLiving**)

شیفنال میں ہماری تازہ ترین شائر لیونگ اسکیم موسم خزاں سے شروع ہورہی ہے۔ایک اور دو بیڈروم کے 70 اپارٹمنٹس والا اسپرنگ ووڈ ایک سجاوٹی ڈیویلپمنٹ پروجیکٹ ہے؛ اس کی شاندار مشترکہ جگہوں میں ایک کیفے، لاؤنج اور فطری مناظر والے باغات شامل ہیں۔ ابھی یا مستقبل میں کسی بھی نگہداشت کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ہمیشہ تیار ایک دوستانہ ٹیم سے لیس اسپرنگ ووڈ 55 سال سے زائد عمر کے افراد کے لئے بہترین انتخاب ہے، جو کسی پریشانی سے پاک، آرام دہ اور محفوظ مستقبل پانے کے متمنی ہیں۔

اسپرنگ ووڈ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے shireliving.co.uk پر جائیں یا 01952217444 پر کال کریں۔

ہماری کارکردگی 2021/2021

99.67٪ صارفین اپنے گھروں کو بہتر بنانے کے کاموں سے مطمئن ہیں۔

ہماری جائدادوں کو محفوظ رکھنا

- حرارتی، آگ کے خطرے سے متعلق پیمائشی سسٹم اور ایسبیسٹوس کے لحاظ سے 100٪ کمپلائنس

- بجلی کے حفاظتی معائنے سے متعلق 99.89٪ کام مکمل کیا گیا ہے۔

مرمتی کام
95.6٪ صارفین موصول ہونے والی مرمتی خدمات سے مطمئن تھے + 3٪

83٪ مرمتی کام اسی روز مکمل کیا گیا + 4٪

ہمارے 88٪ صارفین اس بات سے مطمئن تھے کہ مرمت کا کام پہلی بار کیا گیا ہے + 6٪

صارفین کی کال
ہم نے صارفین کی کالوں کا جواب دینے میں لگنے والے وقت کو تقریبا نصف کردیا ہے

بہترین معیار کے گھر
ہمارے 100٪ گھر مہذب گھروں کے معیار پر پورا اترتے ہیں

خالی رہنے اور کرایے پر دینے کا اوسط

- کسی پراپرٹی کے خالی رہنے کے اوسط ایام کی تعداد 34.83 دن ہے، جو گزشتہ سال کے اوسط 14.57 سے زیادہ ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے کووڈ سے محفوظ اقدامات کو نافذ کیا تھا۔
- ان چیلنجوں کے باوجود، ہم نے گزشتہ سال 1142 پراپرٹیوں کو کرایے پر دیا، جن میں 299 نئے تعمیر شدہ گھر شامل ہیں۔

سماج مخالف سلوک

- رپورٹ شدہ معاملوں میں 5.8 فیصد اضافہ
- تقریبا 98٪ صارفین کسی معاملے کو نمٹانے کے ہمارے طریقے سے خوش تھے۔

صارفین کا اطمینان

- 87٪ صارفین بحیثییت مکان مالکان ہم سے مطمئن تھے۔
- ہمیں 360 شکایتیں موصول ہوئی ہیں۔

اپنی خدمات کو بہتر بنانے میں ہماری مدد کریں
صارفین سے اپنی عہد بندی کے ضمن میں، ہم نے سروے کے لئے ڈیجیٹل سسٹم کو اختیار کیا ہے۔

اس لئے اگر سروے میں حصہ لینے کے واسطے آپ کو مدعو کرنے کے لئے نثری پیغام یا ای میل موصول ہو، تو براہ کرم ہمیں بتلائیں کہ ہماری خدمات کے بارے میں کا کیا خیال ہےہم امید کر رہے ہیں کہ اس سے صارفین کے ساتھ وابستگی میں اضافہ ہوگا اور آپ کے لئے اپنی خدمات کو بہتر بنانے میں ہمیں مدد ملے گی۔

منی میٹرس

مدد کرنے کے لئے موجود ہے
اگر آپ کو وباء کے سبب اپنا کرایہ اور دیگر بل ادا کرنے میں دشواری ہورہی ہے، تو براہ کرم خاموش نہ رہیں - ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہماری منی میٹرس ٹیم آپ کے سوالات کا جواب دینے اور مدد فراہم کرنے کے لئے تیارہے۔

ہمارے ماہر مشیر درج ذیل کاموں میں آپ کی مدد اور رہنمائی کرسکتے ہیں:

- آپ کے بجٹ کا انتظام کرنا
- آپ کے یوٹیلیٹی بل میں مدد کرنا

- قرض سے متعلق مشورہ دینا
- تمام فلاحی فوائد کے لئے مشورے اور مدد کرنا
- ملازمت یا تربیت میں داخل ہونے میں مدد کرنا

"یہ بہت سارے خاندانوں کے لئے واقعی مشکل وقت ہے، لیکن اس میں کلیدی طور پر اہم بات یہ ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو مدد طلب کی جائے۔

ہم نے ان لوگوں سے بات کی ہے جن کو بے کس ہوچکے ہیں یا بے گاری سامنا کرنا پڑا ہے اور آگے کی راہ ہموار کرنے کا منصوبہ بنانے میں ان کی مدد کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔

ہم یہاں مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔سب سے اہم بات یہ ہے کہ جیسے ہی آپ کو پتہ چلے کہ آپ کو پیسے کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے، آپ ہم سے بات کریں۔ ہم یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں کہ قرض میں اضافہ شروع ہونے سے پہلے آپ کس چیز کے اہل ہوسکتے ہیں۔

دیب موریسن (Deb Morrison)
فینانشیل انکلوزن منیجر

ہماری منی میٹرس ٹیم کے ساتھ 01952217234 پر یا money.matters@wrekin.com پر رابطہ کریں۔

گھریلو ادوات کا بیمہ

ریکن کے صارفین کے لئے کفایتی بیمہ کا احاطہ

گھریلو ادوات کے بیمہ کے تحت آتشزدگی، چوری یا سیلاب کی وجہ سے ہونے والے نقصانات کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ اویوا کی شراکت سے ہم ریکن کے صارفین کو کفایتی نرخوں پر گھریلو ادوات کا بیمہ پیش کرتے ہیں، جس کی ادائیگی پندرہ روزہ یا ماہانہ قسطوں میں کی جاسکتی ہے۔ یہ اسکیم صرف ریکن کے صارفین کے لئے ہے اور اس میں کوئی اضافی ادائیگی نہیں ہے -- جس کا مطلب یہ ہے کہ تلافی کا دعوی کرنے کی صورت میں کوئی ادائیگی نہیں کرنی ہے۔ تفصیلات درج ذیل لنک پر دستیب ہیں:**wrekin.com/contentsinsurance**

کیلنڈر آرٹ کے مسابقہ میں قدرتی تھراپی طلب کی جاتی ہے
ہمیں اپنے اگلے کیلنڈر بنانے کے لئے پھر سے فن پاروں کی تلاش ہے۔ اس سال کا بنیادی موضوع فطرت کی تھراپی ہے۔

فطرت یا بیرونی فضاء بارے میں سوچئے جس سے آپ کو سکون فراہم ہوا ہے، کسی نئی دریافت شدہ مقامی پناہ گاہ کی خوشگوار یادوں کی عکاسی کریں یا اپنے باغیچے یا اس کی جنگلی حیات سے ترغیب لیں۔ 12 فاتح امیدواروں کے فن پاروں کو کیلنڈر میں شائع کیا جائے گا، ان کی نمائش کی جائے گی، اور ان میں سے ہر ایک کوانعام میں شاپنگ واؤچر حاصل ہوگا۔آپ کے پاس کسی بھی میڈیم میں تخلیق کار بننے کے لئے اگست کے آخر تک وقت ہے۔

مزید معلومات اور اندراج کرنے کے لئے wrekin.com/calendar ملاحظہ کریں یا calendar@wrekin.com پر ای میل بھیجیں۔

مسابقہ کی سرمائی ایڈیشن کے فاتحین!

Your Wrekin مسابقہ کی سرمائی ایڈیشن کے تمام فاتحین کا ایک مجموعہ یہاں ہے۔

ڈیجیٹل سائن اپ ونر۔ ہمارے ڈیجیٹل سائن اپ مسابقہ کی قرعہ اندازی میں منتخب ہونے کے بعد ونسٹن ہاپر (Winston Hopper) نے ایک ایمیزون ایکو جیتا ہے۔

ورڈ وہیل ونر۔ ہیلن لا (Helen Law) کو ہمارے ورڈ وہیل کے مسابقہ میں 160 الفاظ ملے ہیں اور انہیں خریداری کے واؤچر کی شکل میں 50£ حاصل ہوئے ہیں۔

کلرنگ ونر۔ ہمارے ڈیزائنر کا پسندیدہ بیچ باگ ایک خوبصورت قوس قزح سے متعلق تھا جسے کاڈینس ڈیویس (Kadence Davies) کے ذریعہ بنایا گیا تھا۔ شاباش کاڈینسآپ نے 50£ کے شاپنگ واؤچر جیت لیے ہیں۔

50£ کے شاپنگ واؤچر جیتیں

ہم پھر سے اپنی پرائز ڈرا منعقد کررہے ہیں!

50£ کے شاپنگ واؤچر جیتنے کا موقع کے واسطے یہ نیوز لیٹر الیکٹرانک طور پر موصول کرنے کے لئے سائن اپ کریں!
تفصیلات کے لئے اپنی ایڈریس شیٹ ملاحظہ کریں۔